


Welcome to Solvexo

This manual takes you from creating your Solvexo account to a live online store that takes its first order. Follow the chapters in order: each one builds on the one before.

Who it is for: new store owners setting up a store on Solvexo for the first time. No technical knowledge is needed.

How each screen is explained:

- **Use case:** what the screen is for, and when you will use it.
- **Steps:** one action per step, with the button or field name in **bold**, exactly as it appears on screen.
- **What you'll see:** how you know the step worked.
- **Screenshot:** a picture of each screen, taken from the example store "Noor Crafts". Your screen shows your own store's name and details.

Required fields are marked with * on screen, and in this manual too. Tips start with "Tip" and warnings with "Note".

Language: every section is written in English first, then in Urdu. Button and menu names stay in English in both, because that is what you will see on screen.

خوش آمدید

یہ رہنما کتابچہ آپ کو Solvexo اکاؤنٹ بنانے سے لے کر ایک فعال آن لائن اسٹور تک لے جاتا ہے، جو اپنا پہلا آرڈر وصول کرے۔ ابواب کو ترتیب سے پڑھیں، کیونکہ ہر باب پچھلے باب پر قائم ہے۔

یہ کس کے لیے ہے: وہ نئے اسٹور مالکان جو پہلی بار Solvexo پر اپنا اسٹور بنا رہے ہیں۔ کسی تکنیکی علم کی ضرورت نہیں۔

ہر اسکرین کی وضاحت کیسے کی گئی ہے:

- **استعمال:** یہ اسکرین کس کام کے لیے ہے اور آپ اسے کب استعمال کریں گے۔
- **مراحل:** ہر مرحلے میں ایک کام۔ بٹن یا خانے کا نام **bold** میں، بالکل ویسا جیسا اسکرین پر لکھا ہے۔
- **آپ کیا دیکھیں گے:** کیسے معلوم ہو کہ مرحلہ کامیاب رہا۔
- **اسکرین شاٹ:** ہر اسکرین کی تصویر، جو مثالی اسٹور "Noor Crafts" سے لی گئی ہے۔ آپ کی اسکرین پر آپ کے اپنے اسٹور کا نام اور تفصیلات نظر آئیں گی۔

لازمی خانوں پر اسکرین پر اور اس کتابچے میں * کا نشان ہے۔ مشورے "Tip" اور انتباہ "Note" سے شروع ہوتے ہیں۔

زبان: ہر حصہ پہلے انگریزی میں اور پھر اردو میں ہے۔ بٹنوں اور مینو کے نام دونوں میں انگریزی میں ہی رکھے گئے ہیں، کیونکہ اسکرین پر آپ انہیں انگریزی میں ہی دیکھیں گے۔

Your setup journey

Most new stores are ready for their first order in about an hour. Do these steps in this order, because later steps depend on earlier ones:

1. **Create your account** and verify your email (Chapter 1).
2. **Create your store**: name, country, currency, and what you sell (Chapter 2).
3. **Learn your dashboard** and its **Setup Guide** checklist (Chapter 3).
4. **Add your products**, and organise them into categories and collections (Chapter 4).
5. **Set up payments**, so buyers can pay you (Chapter 5).
6. **Set up shipping, tax and store details** (Chapter 6).
7. **Design your storefront** and, if you like, connect your own domain (Chapter 7).
8. **Choose a plan.** Your store can take real orders only after you choose a plan (Chapter 8).
9. **Go live** and handle your first order (Chapter 9).

Note: during your free trial you can build everything, but buyers cannot place orders yet. Your storefront shows a "Coming soon" page until you choose a plan.

آپ کا سیٹ اپ کا سفر

زیادہ تر نئے اسٹور تقریباً ایک گھنٹے میں پہلے آرڈر کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ یہ مراحل اسی ترتیب سے کریں، کیونکہ بعد کے مراحل پہلے والوں پر منحصر ہیں:

1. اپنا اکاؤنٹ بنائیں اور ای میل کی تصدیق کریں (باب 1)۔
2. اپنا اسٹور بنائیں: نام، ملک، کرنسی اور آپ کیا بیچیں گے (باب 2)۔
3. اپنے ڈیش بورڈ اور اس کی **Setup Guide** فہرست سے واقفیت (باب 3)۔
4. اپنی مصنوعات شامل کریں اور انہیں کیٹیگریز اور کلیکشنز میں ترتیب دیں (باب 4)۔
5. ادائیگی کا طریقہ لگائیں تاکہ خریدار آپ کو رقم ادا کر سکیں (باب 5)۔
6. شپنگ، ٹیکس اور اسٹور کی تفصیلات مکمل کریں (باب 6)۔
7. اپنے اسٹور کا ڈیزائن بنائیں اور چاہیں تو اپنا ڈومین جوڑیں (باب 7)۔
8. پلان منتخب کریں۔ پلان منتخب کرنے کے بعد ہی آپ کا اسٹور اصل آرڈر لے سکتا ہے (باب 8)۔
9. اسٹور لائیو کریں اور پہلا آرڈر سنبھالیں (باب 9)۔

Note: مفت آزمائشی مدت (Free trial) میں آپ سب کچھ تیار کر سکتے ہیں، لیکن خریدار ابھی آرڈر نہیں دے سکتے۔ پلان منتخب کرنے تک آپ کے اسٹور پر "Coming soon" کا صفحہ دکھائی دیتا ہے۔